سوال

(782)انگوٹھی امیر کے علاوہ کوئی نہ پہنے روایت کیسی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

انگوٹھی امیر کے علاوہ کوئی نہ پہنے روایت کیسی ہے اور عام آدمی انگوٹھی پہن سکتا ہے یا نہیں؟ (قاسم بن سرور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری 2اور صحیح مسلم کی احادیث سے بھی پتہ چلتا ہے کہ امیر کے علاوہ دوسرے بھی چاندی کی انگوٹھی پہن سکتے ہیں۔ البتہ اس پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں لکھوا سکتے۔ 3 حدیث ''انگوٹھی امیر کے علاوہ کوئی نہ پہنے'' کا حوالہ لکھیں۔ ۱۳، ۴، ۱۴۲۴ھ

2بخاری، کتاب اللباس، باب خاتم الفضة

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص762

محدث فتویٰ